ABC CERTIFIED
بااعتماد تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور جب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | پیر 22 ذوالحج 1447ھ 08 جون 2026ء صفحات 08 | شمارہ 332
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 40 روپے

میران شاہ میں فورسز کی بڑی کارروائی، فتنہ الخوارج کے 27 دہشتگرد ہلاک

بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ میں خوارج کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا جس میں 27 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا

ہلاک خوارج متعدد دہشت گرد سرگرمیوں معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ، قبائلی شخصیت شہید ملک سیف اللہ داؤڑ کے قتل میں ملوث تھے، علاقے کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری

صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کا شمالی وزیرستان میں کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، 27 خوارج کی ہلاکت کو بڑی پیش رفت قرار دے دیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، فتنہ الخوارج کے مختلف رینکے والے 27 خوارج کو جہنم واصل کر دیا گیا، بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ممتاز شخصیت شہید ملک سیف اللہ داؤڑ کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث خوارج بھی کیفر کردار کو پہنچ گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی خوارج کے متعدد ٹھکانوں پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ میں خوارج کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، فائرنگ کے شدید تبادلے کے بعد گزشتہ 72 گھنٹوں میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے ستائیس خوارج کو جہنم واصل کیا گیا، مارے گئے بندوستانی سائبر خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، ہلاک خوارج متعدد دہشت گرد سرگرمیوں اور معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے، ہلاک ہونے والے خوارج میں میران شاہ میں ممتاز شخصیت شہید ملک سیف اللہ داؤڑ کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث خوارج بھی شامل تھے، اس کارروائی سے شہید ملک سیف اللہ داؤڑ کی شہادت کا بدلا لیا گیا اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا گیا، علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور پاکستان سے غیر قانونی سرپرستی میں ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

آصفہ بھٹو کی تیراب گردی واقعہ کی شدید مذمت

ہمارے معاشرے میں خواتین پر تشدد کی کوئی گنجائش نہیں، خاتون اول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خاتون اول اور نگران وفاقی آصفہ کنوز زرداری نے سول ہسپتال کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے تیزاب گردی کے ہولناک حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: وزیراعلیٰ میر مراد علی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے والد سے ملاقات کا اظہار کر رہے ہیں

گلگت بلتستان الیکشن: پی ٹی آئی کے 8 آزاد امیدوار ایک نشست پر کامیاب

گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات کیلئے مختلف پولنگ اسٹیشنوں پر صبح سے ہی ووٹرز کا رش، بالوٹ ووٹ ڈالنے کیلئے لمبی قطاروں میں کھڑے رہے

چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز نے تمام 24 حلقوں کے ریٹرننگ افسران کو مصدقہ فارم 45 جاری کرنیکی ہدایت کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گلگت بلتستان اسمبلی کیلئے پولنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد غیر قانونی اور غیر سرکاری نتائج آنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گلگت بلتستان الیکشن میں مجموعی طور پر 403 امیدواروں نے حصہ لیا۔ اب تک حاصل ہونے والے غیر قانونی غیر سرکاری نتائج کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی نے 2 نشستوں پر کامیابی حاصل ہوئی ہے جبکہ ایک نشست پر آزاد امیدوار کامیاب ہوا گلگت بلتستان اسمبلی کے ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

تہران: وزیر داخلہ محسن نقوی فیلڈ مارشل کاظم عباسی عراقی کے حوالے کر رہے ہیں

امریکہ ایران جنگ کے 100 دن مکمل، ہزاروں ہلاکتیں، عالمی تجارت متاثر

لبنان میں 3593، ایران میں 3468 جبکہ خلیجی ممالک میں 29 افراد ہلاک ہوئے، تجارتی خطے میں کشیدگی برقرار

امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں کے باعث ایران میں 30 لاکھ سے زائد افراد نقل مکانی پر مجبور ہوئے، عالمی میڈیا

خلیجی ممالک کے تیل پر انحصار کرنیوالے ایشیائی ممالک زیادہ متاثر، میانمار میں پیٹرول کی قیمتوں میں 90 فیصد سے زائد اضافہ

تہران، واشنگٹن (مزید) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف شروع کی گئی جنگ کو آج 100 دن مکمل ہو گئے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ابتدا میں دعویٰ کیا تھا کہ یہ جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، تاہم 100 دن گزرنے کے باوجود ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: میک ڈاکٹر ایسوسی ایشن اور بریا میڈیکس کے زیر اہتمام ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کے واقعہ کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

پیپلز پارٹی کو صوبوں سے اضافی ٹیکس، سبسڈی اور ترقیاتی بجٹ پر شدید تحفظات، حکومت کو اتحادی جماعت کو منانے کیلئے جتن جاری

بجٹ 2026: صوبوں کی سبسڈی اور فنڈز میں کمی پر پیپلز پارٹی حکومت سے ناراض

حکومت صوبوں کو فنڈز نہیں دے رہی، پیپلز پارٹی کا الٹی میٹم

پیپلز پارٹی اور لیگ کے وفود کے درمیان مذاکرات ختم، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی وفد کی مذاکرات میں شرکت، پیپلز پارٹی کے وفد میں نوید قمر اور شیری رحمان شامل تھے

حکومت صرف ایک صوبے کیلئے فنڈز دے رہی ہے، باقی تین صوبوں کو فنڈز نہیں دیئے جا رہے، کے فور منصوبہ ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز نہ ملنا، سکھر کراچی موٹر ویز کا منصوبہ ڈیڈ لاک کی وجوہات

ڈیڈ لاک کے خاتمے کیلئے دونوں اطراف سے کوشش کی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی، مذاکرات کا اگلا راؤنڈ حکومت اور اتحادی جماعت کی قیادت کے درمیان متوقع، وفود مذاکرات جاری رکھنے پر متفق

صوبوں سے مزید 1700 ارب روپے کے فنڈز کا تقاضا کر رہا ہے، پیپلز پارٹی نے اپنی تحریری سفارشات حکومت کے حوالے کر دیں، حکومت سفارشات کا جائزہ لے کر پیپلز پارٹی کو جواب دے

اسلام آباد (شاکر رحمان) بجٹ 27-2026 پر مشاورت کیلئے اتحادی جماعت پیپلز پارٹی کو منانے کیلئے حکومت کے جتن جاری ہیں۔ پیپلز پارٹی اور ان لیگ کے وفود کے درمیان مذاکرات ختم ہو گئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی وفد مذاکرات ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرزاق نے اپنی جان خطرے میں ڈال کر ڈاکٹر کی مدد کی، وزیراعلیٰ

ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعہ کے دوران غیر معمولی بہادری، فرض شناسی اور انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کیا

جرات مندانہ خدمات کے اعتراف میں حکومت بلوچستان انہیں سول ایوارڈ سے نوازے گی، میر مراد علی کا ایکس پر پیغام

ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعہ کے دوران غیر معمولی بہادری، فرض شناسی اور انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرنے پر حکومت بلوچستان انہیں سول ایوارڈ سے نوازے گی، میر مراد علی کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر مراد علی نے سول ہسپتال کوئٹہ کے ملازم عبدالرزاق ترکئی کے لیے سول ایوارڈ کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب گردی کے افسوسناک واقعہ کے دوران غیر معمولی بہادری، فرض شناسی اور انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرزاق ترکئی نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی فوری مدد کی اور مشکل ترین حالات میں جس جرات اور ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

علامہ ناصر عباس کابل این پی پی ہڑتال کی حمایت کا اعلان

ایم ڈبلیو ایم مشکل وقت میں بی این پی کیساتھ کھڑی ہے، کنفیڈریشن

سابق ایڈووکیٹ سردار نصیر موسیانی کے انتقال پر افسوس

کوئٹہ (آن لائن) متحدہ مجلس کے سربراہ علامہ ساجد نقوی کی ہدایت پر بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کا ایرانی ریڈار تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

پاسداران انقلاب نے جواب میں امریکی فضائی اڈوں کو نشانہ بنایا

تہران (م ذ) امریکا نے ایران میں کورنگ اور جرجو ٹھم میں ریڈار تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا جبکہ ایرانی پاسداران انقلاب نے جوابی کارروائی کرتے ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پارٹی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

امریکہ ایران جنگ میں سب سے بڑی رکاوٹ ایران ہے

مذاکرات میں کچھ نکات پر اختلافات، پیغامات کا تبادلہ پاکستانی ثالثوں کے ذریعے جاری ہے

ایرانی فوج کسی بھی خطے کا پوری قوت کے ساتھ جواب دینے کیلئے تیار ہے، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (م ذ) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا امریکہ کا چار نکاتی موقف مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، پیغامات کا تبادلہ پاکستانی ثالثوں کے ذریعے جاری ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے سی این این سے گفتگو میں کہا کہ مذاکرات میں کچھ نکات پر اب بھی اختلافات موجود ہیں، یورینیم کی افزودگی کے معاملے پر ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ سے پہلے ہی سولر پینل پلیٹس کی قیمتوں میں اضافہ

585 واٹ کی پلیٹ 18 ہزار سے بڑھ کر 27 ہزار روپے کی ہوگئی

بجٹ میں سولر پینل پر جی ایس ٹی کی شرح 18 فیصد کرنے کی تجویز

کراچی (م ذ) نئے مالی سال کے بجٹ سے پہلے ہی سولر پینل پلیٹس کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق فی سولر پلیٹ پلیٹس کی ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مینا آفریدی کو بیرون ملک جانے سے روک دیا گیا

جرمنی کی ایک یونیورسٹی کی تقریب میں شرکت کے لئے جا رہی تھیں

پشاور (م ذ) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے اہلی مینم وفاقیات خان آفریدی کو ایف آئی اے حکام نے پشاور ائیرپورٹ سے بیرون ملک جانے سے روک دیا۔ ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کو آزاد کشمیر کی صورتحال پر تشویش، صدر مملکت اور وزیراعظم کی ملاقات کا مطالبہ

آزاد کشمیر کی صورت حال کا حل سیاسی سطح پر اور قانون ساز اسمبلی کے فورم سے نکالا جانا چاہیے، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی کی بنیاد مسئلہ کشمیر پر رکھی گئی اور ہم نے ہمیشہ کشمیریوں کے مسائل کے حل کو ترجیح دی، اجلاس میں اظہار خیال

صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی متوقع ملاقات میں آزاد کشمیر کی مجموعی سیاسی صورت حال کا جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے آزاد کشمیر کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسائل مذاکرات کے ذریعے حل ہونے چاہئیں اور اس حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر کے حل ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں بچت 30 سال کی کم ترین سطح پر پہنچنے کا انکشاف

پاکستانی عوام ہر 100 روپے آمدنی میں سے صرف 6 روپے بچا رہے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں بچت کی شرح 30 سال کی کم ترین سطح پر پہنچنے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ پاکستانی عوام ہر 100 روپے آمدنی میں سے صرف چھ ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

تربت میں تعمیراتی کمپنی کی گاڑی پر فائرنگ، 3 افراد جاں بحق

نامعلوم افراد نے کلاشنکوف سے گاڑی پر فائرنگ کر دی، 1 شخص زخمی ہوا، 3 افراد موقع پر دم توڑ گئے

قلی برام زئی کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جو بیکری کے قریب گر کر زور دار دھماکے سے پھٹ گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں فائرنگ اور دستی بم حملے کے واقعات میں 3 افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت میں مند روڈ پر تعمیراتی کمپنی کے ٹھیکیدار کی گاڑی پر حملے کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے اور 1 زخمی ہو گیا۔ حملہ آور کراس کے قریب کیا گیا ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ایرانی منجمد اثاثے خلیجی اتحادیوں کو دیگا، خبر ایجنسی

خلیجی ممالک ایرانی حملوں میں نقصانات کا ازالہ کریں گے، رپورٹ

واشنگٹن (م ذ) خبر ایجنسی نے ذرائع سے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا ایران کے منجمد اثاثے خلیجی اتحادیوں کو فراہم کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق خلیجی ممالک ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے صورتحال بگاڑنے کی کوشش کی، طارق فضل

کشمیر اور پاکستان کے رشتے کو کمزور کرنے کی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ہر چند ماہ بعد احتجاج مناسب نہیں، جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے سوء حال بگاڑنے ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل کے سپریم کیل سیم افتر آباد ایک تقریب کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

مہاجر نشستوں میں تبدیلی کیلئے آئینی ترمیم ناگزیر ہے، آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ

فیصلہ کن قوت سڑکوں پر احتجاج نہیں بلکہ آئین کی بالادستی ہے، 12 مہاجر نشستیں آرٹیکل 22 کے تحت آئینی تحفظ رکھتی ہیں، عدالت

صدر آزاد جموں و کشمیر نے حکومتی مشورے پر سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر میں مہاجرین کی نشستوں کے معاملے پر مکمل طلب کی تھی

سپریم کورٹ نے صدارتی ریفرنس برائے دیتے ہوئے مہاجرین کی نشستوں کے معاملے پر حکومتی مؤقف درست قرار دے دیا

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر سپریم کورٹ نے صدارتی ریفرنس پر رائے دیتے ہوئے مہاجرین کی نشستوں کے معاملے پر حکومتی مؤقف درست قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق صدر آزاد جموں ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

معالج پر حملہ انسانی اقدار پر حملے کے مترادف ہے، عبدالخالق اچکزئی

ایسے مجرمانہ اقدامات کسی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں، اپوزیشن لیڈر

بلوچستان اسمبلی اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی نے سول ہسپتال کوئٹہ میں خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کے دلخراش واقعے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

34 ہزار پاکستانی حجاج کرام وطن واپس پہنچ گئے

مدینہ منورہ (م ذ) فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد اب تک 34 ہزار حجاج کرام پاکستان واپس پہنچ گئے ہیں جبکہ 84 ہزار 791 پاکستانی حجاج اب بھی سعودی عرب میں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 250 خدام الحجاج ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

تاریخ پیدائش میں تاخیر سے تبدیلی کی درخواست ناقابل قبول قرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ سرکاری ملازم کی تاریخ پیدائش سروس ریکارڈ میں ایک بار درج ہونے کے بعد حتمی حیثیت اختیار کر لیتی ہے اور ملازم عمر میں رعایت (Relaxation Age) کا ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عباس عراقچی نے محسن نقوی سے ملاقات کی پوسٹ شیئر کر دی

ایک تصویر میں ایرانی وزیر خارجہ پاکستانی قیادت کا خط وصول کر رہے ہیں

تہران (م ذ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے ایکس گرام پیجل پر پاکستانی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ساتھ ملاقات کی مزید تصاویر پوسٹ کیں، جس میں ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سے لبنانی آرمی چیف کی ملاقات میں جنگ بندی اہم پیشرفت متوقع

جنرل روڈولف ہیکل فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان آ رہے ہیں

امریکہ، اسرائیل اور ایران کی جنگ کے خاتمے اور خطے کی حالیہ صورتحال پر اہم مشاورت متوقع ہے، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کابینہ کی مسلح افواج کے براہ راست جنرل روڈولف ہیکل اہم سرکاری دورے پر پاکستان پہنچنے والے ہیں، یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں جاری ہیں اور پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی رابطوں اور ثالثی کی کوششوں میں مصروف ہے۔ لبنانی فوج کے جاری کردہ بیان کے مطابق جنرل روڈولف ہیکل پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی دعوت پر پاکستان روانہ ..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر عمار احمد نے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی

لاہور میں ایک لاکھ 25 ہزار نئے ارکان بنائے جائیں گے، فیصل میر

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر پیپلز پارٹی لاہور فیصل میر نے کہا ہے کہ سینیٹر عمار احمد نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ فیصل میر کے مطابق پاکستان ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پلو لنگ اسٹیشن دو منتقل کر کے ہمارا ووٹ بینک متاثر کیا گیا، پیپلز پارٹی

عملہ تاخیر سے پہنچا، جب تک تمام ووٹ کاسٹ نہ ہو جائیں انتخابی عملے کو جانے نہیں دیں گے، قمر زمان کائرہ

فارم 45 فراہم نہیں کیے جا رہے، چیف الیکشن کمشنر کو معاملے سے متعلق آگاہ کیا ہے، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان الیکشن کمیشن نامناسب انتظامات پر فوری الیکشن لے۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات پر ردعمل میں قمر زمان کائرہ نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پولنگ اسٹیشنوں کو دور منتقل کر کے ہمارا ووٹ بینک متاثر کیا گیا، بعض پولنگ اسٹیشنوں پر عملہ تاخیر سے پہنچا۔ انہوں نے ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مالی سال 2025 میں ٹیکس وصولیوں میں 26 فیصد اضافہ ریکارڈ

ایف بی آر نے ٹیکس چوری کی نشاندہی، صحتمند شہریوں سے اربوں روپے اضافی ٹیکس وصول

ان آئی ٹی ادائیگیوں کی سہولت سے شہریوں کیلئے فیس اور دیگر ادائیگیاں آسان بنائی گئیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان میں ٹیکس نظام، ڈیجیٹل ادائیگیوں اور تجارتی ٹھیکے جدید بنانے کیلئے اٹھائے گئے اہم اقدامات کے نتیجے میں مالی سال 2025 میں ٹیکس وصولیوں میں 26 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، 34 فیصد زائد ٹیکس دہندگان کو ..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

معاہدہ ہوا تو ایران کیساتھ ملکر افزودہ یورینیم تلف کرینگے، ٹرمپ

ہم ایران کے ساتھ یا اس کے بغیر بھی یہ کرنے جا رہے ہیں، امریکہ فوجی طاقت سے بھی افزودہ یورینیم کو تلف کرے گا

ہم ایک گولی بھی چلائے نہیں دینگے، ہمارے پاس ہر جگہ کیمرے ہیں، ہم آپ کے کالر پر لکھا نام بھی پڑھ سکتے ہیں، اسٹرو بیل

تیزاب گردی میں متاثرہ ڈاکٹر جلد مکمل صحت یاب ہونگی، بابر یوسفزئی

ڈاکٹر ماہ نور کی حالت بہتر ہے، حکومت نے واقعہ کیخلاف فوری کارروائی کی

معزز ڈاکٹرز پیشاوں میں سروسز کے بائیکاٹ سے اجتناب کریں، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بہن، بیٹی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب گردی کے واقعے کے فوری بعد صوبائی حکومت اور سیکورٹی فورسز نے برداشت اور ہائر وولٹیج دیا۔ فوری طبی ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کی جنوبی لبنان کے شہر صور پر راکٹوں کی اندھا دھند برسات

حملہ ایسے (م ذ) اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے شہر صور اور اس کے اطراف کے علاقوں کے راکٹوں کو علاقہ خالی کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی فوج نے کہا تھا کہ بنت جبیل اور اصوت علتاتی ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

12 جون تک مختلف شہروں میں ہیٹ ویو کا خدشہ، الرٹ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک کے مختلف شہروں میں 12 جون تک ہیٹ ویو کا خدشہ ہے جس کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں وجہ حرارت چالیس سے تیتیس ڈگری ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کا بدلتا موقف مذاکرات میں سب سے بڑی رکاوٹ ایران ہے

ہم عضو کو ناقابل جانی نقصان پہنچنے سے بچایا جا سکتا ہے، ڈاکٹرز کی بریکنگ

مریضہ کو فوری طور پر خصوصی علاج کے مرکز منتقل نہ کیا جانا تو حالت بگڑ سکتی تھی

لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ سول لائن تھانہ میں درج

مقدمہ میں ملزم ہمایوں شاہ کیخلاف ت پ 336 کے تحت دفعات شامل

کراچی (سٹی رپورٹر) تھانہ سول لائن کے علاقے سول سنڈیمن ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سول سنڈیمن ہسپتال میں خاتون لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ ملزم ہمایوں شاہ ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی حملے میں لبنانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل سمیت 10 افراد شہید

لبنانی وزیراعظم کی جانب سے 3 فوجیوں کے قتل کی مذمت، لبنان اور اس کے عوام پر گھناؤنا حملہ قرار دیدیا

اسرائیلی فوج کا جنوبی غزہ میں ایک فضائی حملے کے دوران حماس کے ایک اہم کمانڈر کو شہید کرنے کا دعویٰ

ہوئے فضائی حملے کے نتیجے میں لبنانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل سمیت ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے لبنان میں جنگ بندی کی دھجیاں اڑاتے ہوئے جنوبی لبنان میں لبنانی فوج کے 3 فوجیوں کو شہید کر دیا۔ اسرائیلی حملے میں لبنانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل سمیت 10 افراد شہید

لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ سول لائن تھانہ میں درج

مقدمہ میں ملزم ہمایوں شاہ کیخلاف ت پ 336 کے تحت دفعات شامل

کراچی (سٹی رپورٹر) تھانہ سول لائن کے علاقے سول سنڈیمن ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سول سنڈیمن ہسپتال میں خاتون لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کا مقدمہ ملزم ہمایوں شاہ ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

میک ڈاکٹر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کے خلاف خواتین احتجاجی مظاہرہ کر رہی ہیں

اسرائیلی حملے میں 3 صحافی زخمی، لبنان میں صحافیوں کو نشانہ بنانے کا الزام

اسرائیلی حملے میں زخمی ہونے والے صحافیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بیروت (م ذ) اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے علاقے میں صحافیوں کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی حملے میں 3 صحافی زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے علاقے میں صحافیوں کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی حملے میں زخمی ہونے والے صحافیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

گلستان، شادی کی تقریب میں فائرنگ، 2 افراد جاں بحق

حافظ اللہ اور احسان اللہ کی لاشیں کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

جاں بحق ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب گلستان کے ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ضلع میرعلی (نامہ نگار) گلستان کے علاقے میں شادی کی تقریب میں فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد

پشتونخوامیپ کی جانب سے ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کے واقعہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

مال اور بچے میں غذائی قلت سے دونوں کی نشوونما متاثر ہوتی ہے، رومانہ گل کاکڑ

بے نظیر نشوونما پروگرام، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تعاون سے جاری ہے

مفتی محمود میموریل ہسپتال میں قائم ٹشو و نیوٹیشن سینٹر کے دورہ کے موقع پر ڈی جی کی شرکاء سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام رومانہ گل کاکڑ اور ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر جلال خان نے کہا ہے کہ ماں اور بچے میں غذائی قلت کے باعث دونوں کی نشوونما میں کمی جیسے مسائل کی روک تھام کے لئے قائم وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے تاکہ نوزائیدہ زندگیوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے مفتی محمود میموریل ہسپتال میں قائم ٹشو و نیوٹیشن سینٹر کے دورہ کے موقع پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر نشوونما پروگرام، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تعاون سے جاری ہے۔ یہ ایک اہم سماجی تحفظ کا اقدام ہے، ماں اور بچے کی صحت میں بہتری کے لیے نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈی جی خان میں سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ادویات کے استعمال کو بھی چیک کیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ مستحق خواتین اور بچوں کو درست خوراک اور معیاری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرلز نے مرکز میں تعلیم و ضبط، صفائی ستھرائی اور سہولیات کے معیار کو سراہتے ہوئے عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ وہ اپنی جذبے کے ساتھ خدمات جاری رکھیں تاکہ یہ پروگرام کے اصل مقصد کو حاصل کیا جا سکے، بچوں میں نشوونما کی کمی جیسے مسائل کی روک تھام کرنا ہے اور یہ اقدام ہم بلوچستان میں کر رہے ہیں تاکہ خاندانوں کی خوراک اور معیاری سہولیات فراہم کی جا سک

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

ڈاکٹر ماہ نور پر حملہ افسوس ناک، اور ناقابل برداشت ہے، تیمور درانی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی قائدین و سماجی رہنما، تیمور خان درانی نے خاتون ڈاکٹر ماہ نور نامی سول اسپتال کوئٹہ میں ہونے والے جنیوٹیپ کرنے کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ نہ صرف ایک فرد بلکہ پورے معاشرے، بھی برادری اور بلوچستان کے امن و وقار پر حملہ ہے، اپنے بیان میں تیمور خان درانی کے کہا کہ ایک خاتون ڈاکٹر، جو ماہ کی خدمت اور انسانیت کی بھلائی کے مقدس مشن سے وابستہ ہو، اس پر دن دہاڑے اس نوعیت کا حملہ انتہائی افسوسناک، بزدلانہ اور ناقابل برداشت ہے۔

بلوچستان میں بیروزگاری تشویشناک حد تک بڑھ گئی، سینیٹر ثمینہ ممتاز

مسلسل ایوان بالا میں اس امر مسئلے کو اٹھاتی رہی ہوں، حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھائے

روزگار کی فراہمی صرف انتظامی ذمہ داری نہیں بلکہ بلوچستان کے مستقبل، استحکام اور ترقی کے لیے انتہائی ناگزیر ہے، بیان

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینٹ قائد تحریک برائے انسانی حقوق بیرسٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان میں نوجوانوں کو درپیش بڑھتی ہوئی بیروزگاری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر زور دیا ہے کہ وہ فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ مسلسل ایوان بالا میں اس اہم مسئلے کو اٹھاتی رہی ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتی رہی ہیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھائے جائیں اور سرکاری اداروں میں ان کی منصفانہ نمائندگی کو یقینی بنایا جائے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بتایا کہ انہوں نے نادرا خیبر کوہ، پاکستان کوسٹ گارڈز، ایفنی ہارکوکس فورس (اے این ایف) اور دیگر وفاقی اداروں میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی بھرتیوں سے متعلق تفصیلی معلومات طلب کی ہیں۔ انہوں نے صوبائی کوٹے پر محکمہ آبادکاری اور تمام اضلاع کی مساوی نمائندگی کے حوالے سے بھی سوالات اٹھائے۔ انہوں نے محکمہ ماحولیات حکومت بلوچستان کی جانب سے متعدد آسامیوں کے لیے تحریری امتحانات اور انٹرویوز غیر معینہ مدت تک ملتوی کیے جانے پر مایوسی کا اظہار کیا۔ یہ آسامیاں پی آر کیو نمبر 3383 (21 جنوری 2026) اور پی آر کیو نمبر 5048 (13 مئی 2026) کے تحت مشتہر کی گئی تھیں، تاہم تاحال نہ تو نئی تاریخ کا اعلان کیا گیا ہے اور نہ ہی تاخیر کی کوئی وجہ بتائی گئی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ اس طرح کی تاخیر نہ صرف عوامی اعتماد مجروح ہوتا ہے اور ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوانوں میں بے یقینی پیدا ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوان مواقع کے حق میں ہیں، تاخیر کے نہیں۔ بیرونی کے عمل کو شفاف، بروقت اور موثر قرار دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان، نادرا، پاک فوج خیبر کوہ اور دیگر متعلقہ ادارے صوبے کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع میں اضافہ کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پائیدار امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے صرف سکیورٹی اقدامات کافی نہیں بلکہ معاشی مواقع اور تعلیم بھی ضروری ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ بھرتیوں میں تاخیر کی وجوہات کو فوری طور پر واضح کی جائیں، ذمہ داران کا تعین کیا جائے اور بھرتی کے عمل کی تکمیل کے لیے واضح ٹائم لائن کا اعلان کیا جائے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ روزگار کی فراہمی صرف انتظامی ذمہ داری نہیں

تیزاب گردی کا واقعہ سفاکانہ اور انسانیت دشمن عمل ہے، این ڈی ایم

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ موومنٹ کے بیان میں سول اسپتال کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر ماہ نور نامی پر تیزاب پھینکنے کے سفاکانہ اور انسانیت دشمن عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس واقعے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کر کے اصل حقائق اور ان پر دہشت و منفی عزائم منظر عام پر لانے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ قانونی کارروائی کرنے اور معاشرے سے اس طرح کی ذہنیت و سوچ کا صفایا کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ڈی جی ایمرجنسی مینڈیوٹل آئل پاکستان فورس ایوبی انیش کے صدر حضرت علی کاکڑ اور دیگر گفتگو کرتے ہوئے

پیرامیڈیکس فیز 5 کے پروموشن آرڈر جاری کرنا خوش آئند ہے، ایپکا

ڈی جی ایمرجنسی مینڈیوٹل آئل پاکستان فورس کے مشکور ہیں جنہوں نے پروموشنز میں نمایاں کردار ادا کیا، حضرت علی کاکڑ

مثبت اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، مستقبل میں بھی امید کرتے ہیں کہ ملازمین کو حقوق دیئے جائینگے، عبدالغفور

کوئٹہ (پ ر) ایمرجنسی مینڈیوٹل آئل پاکستان فورس کے پیرامیڈیکس اسٹاف کے سروس اسٹرکچر فیز 5 کے پینڈنگ کیسز کے پروموشن آرڈرز جاری کرنے پر ڈائریکٹر جنرل ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر امین خان مندوخیل کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور یہ اقدام قابل تحسین ہے اور ڈاکٹر کے دور میں ملازمین کے ریکارڈ پر پروموشنز ہوئے ہیں ڈاکٹر امین خان کی خدمات قابل قدر ہیں لہٰذا محکمہ صحت کے صدر حضرت علی کاکڑ جنرل سیکرٹری عبدالغفور زہری نے آج ڈی جی آفس میں ڈی جی ڈاکٹر امین خان مندوخیل کے سربراہی میں ایمرجنسی کے تینوں تھیٹروں کی نمائندوں تک پہنچ تھیں ڈی ڈائریکٹر روح الامین مینگل ڈپٹی ڈائریکٹر عطا محمد، انچارج ڈاکٹر امیر بیسانی کی موجودگی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد ہوا اس تقریب انعقاد سے ثابت ہوا کہ ڈاکٹر امین خان مندوخیل ایک فرض شناس آفیسر کیساتھ ساتھ ملازمین کے پروموشنز کے لیے بروقت مثبت اکدامات جاری فرماتے ہیں جو کہ ایک ایماندار آفیسر کے نشانی ہے ڈاکٹر امین مندوخیل کے ہوتے ہوئے پروموشنز کے مزید خوشیاں ملازمین کو ملیں گے تمام ملازمین اپنے ضروری ڈاکومنٹس جلد سے جلد تیار کریں اور دفتر لہٰذا پہنچائیں تاکہ پروموشنز کا یہ سلسلہ پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔ ڈی ڈائریکٹر عطا محمد کے سربراہی میں سروس سٹرکچر میں کام کرنے والے اسٹاف سینئر کلرک محمد اکرم جان سینئر ٹیکنیشن کبیر خان کاکڑ اور دیگر اسٹاف داد کے حق میں کہ انہوں نے ڈاکٹر امین خان مندوخیل ایک فرض شناس آفیسر کیساتھ ساتھ ملازمین کے پروموشن ایک شارٹ ٹائم میں فائل کر کے ملازمین کو خوشیوں سے نوازا ان کی ایک محکمہ صحت ڈی جی کے اسطرح نیک شفقت والے اقدام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور مستقبل میں بھی یہی امید صحتی ہے کہ ڈی جی صاحب کبھی مثبت کاش قدر کو روا دا کرتے رہینگے۔

بھرتیوں کیلئے ٹیسٹ میں جعل سازی، 2 امیدواروں پر مقدمہ

فیل ہونے کے باوجود اگلے مرحلے میں داخل ہونے کی کوشش کرتے رہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے کی مختلف آسامیوں کے لیے چنائ اسپیشل ٹیسٹس اسلام آباد میں فرنٹیئر ایڈورٹس ٹیسٹ 5 جون 2026 کو ہوا۔ دوران کارروائی دو امیدواروں نے فرنٹیئر ٹیسٹ میں ناکام ہونے کے باوجود خود کو کامیاب امیدوار ظاہر کرتے ہوئے بائیں امیدواروں کے گروپ میں شامل ہونے کی کوشش کی۔ ملزمان نے ایف آئی اے حکام کو دھوکہ دے کر قدر اور جینے کی پیش کے مرحلے تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی، تاہم بیک اپ سیشن میں موجود اسسٹنٹ ڈائریکٹر سنیہ احمد نے انہیں مشکوک جان کر روک لیا۔ مزید جانچ پر انکشاف ہوا کہ دونوں امیدوار فرنٹیئر ایڈورٹس ٹیسٹ میں ناکام قرار دیے جا چکے تھے اور جان بوجھ کر خود کو کامیاب امیدوار ظاہر کر رہے تھے۔ ملزمان کی یہ کارروائی ایف آئی اے حکام کو دھوکہ دینے اور جعل سازی کے ذریعے بھرتی کے عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش کے زمرے میں آتی ہے۔۔۔

راولپنڈی: فائرنگ تبادلہ کے بعد 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

چند روز قبل کمن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل اور آئی فون برآمد

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تھانہ صدر سدید آباد کے علاقے میں گزشتہ رات موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، اس دوران بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کے 2 ارکان زخمی حالت میں گرفتار، شہریوں سے چند روز قبل کمن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل اور آئی فون برآمد ہوا، زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت دانش اور محمد حسین کے ناموں سے ہوئی، گرفتار ڈاکو دانش اسلام آباد کے ڈھوک نتھو کالونی کے رہنے والے ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے ایک پستول، دیگر اسلحہ اور 2 موٹر سائیکل برآمد کی گئی ہیں۔ ایس ایس پی آپریشن راولپنڈی ریجن عمر سعید ملک کے احکامات پر ایس پی صدر ڈویژن ذیشان اصغر کی سربراہی میں قائم خصوصی ٹیم نے علاقہ میں گشت کے دوران مشکوک موٹر سائیکل سوار کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، واقعہ کی اطلاع پر پولیس افسران موقعہ پر پہنچ گئے، فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے سرچ، زخمی حالت میں گرفتار ملزمان کو اسپتال منتقل کیا گیا ہے موقع سے شواہد اکٹھے کئے گئے ہیں۔۔۔

کوئٹہ: ہتھکڑیاں پہنے ایک سوپاہی سینئر صدر سدید شراف آفتاب کیرانی افغان و دیگر احتجاجی مظاہرے میں شریک ہیں

پولیس عوام کو معیاری خدمات فراہم کرے، آئی جی اسلام آباد

قیام امن اور دہشتگردی کے سدباب کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں

وفاقی دارالحکومت کو مکمل محفوظ بنانے کیلئے کوشاں ہیں، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت منتظل پولیس آفس میں اہم اجلاس ہوا، جس میں ایس ایس پی کا ٹریفک رائم و پیارٹمنٹ اسلام آباد سعود خان اور اے آئی جی لیگل عابد ہاشم نے شرکت کی، اس موقع پر وفاقی دارالحکومت کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کے جاری اقدامات، زیر انتوام قانونی امور اور پولیس فورس کی پیشہ ورانہ استعداد کا کومزید موثر بنانے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس کے دوران انسداد دہشتگردی کے حوالے سے جاری آپریشنز، انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں، سیکورٹی چیلنجز اور درپیش خطرات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔۔۔

ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، سی ٹی او

اسلام آباد پولیس ٹریفک نظم و ضبط کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، سرفراز ورک

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے انٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی جانب سے ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس رکھنے کیلئے موثر اقدامات کے ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو ٹریفک جام اور مشکلات سے تحفظ فراہم کرنا تھا، اس سلسلہ میں سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا، ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار زیبائی پر، ماموز ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے تحفظ پر بریفنگ دی۔۔۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان منعقدہ دربار کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

کیسکو کی تباہی میں ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے، رمضان چکزئی

کیسکو انتظامیہ پاور ڈویژن کی خوشنودی کے لئے ملازم دشمن اقدامات کر رہی ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کرتے

کیسکو کی کارکردگی اور ملازمین کے مسائل سے متعلق سیمینار کو دربار میں بدلنے کے فیصلے کیخلاف ہائیڈرو یونین کا بائیکاٹ

